# 2021

## URDU—HONOURS

## Paper : DSE–A–2

## (Iqbal)

**Full Marks:65**

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

1. درج ذیل سوالات میں سے دس (۱۰) کے جواب لکھیں۔ 2×10=20

(i) ''مسجد قرطبہ'' اقبال کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟ اور وہ مجموعہ کلام کب شائع ہوا تھا؟

(ii) اقبال کے پہلے اور دوسرے اردو مجموعہ کلام کے نام لکھئے۔

(iii) اقبال کے کسی دو ہمعصر نظم گو شعراء کے نام لکھئے۔

(iv) ''شاعر مشرق'' کسے کہا جاتا ہے؟ اور وہ کہاں دفن ہے؟

(v) ''ساقی نامہ'' اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟ اور اس کا نفسِ موضوع کیا ہے؟

(vi) ''اسرارِ خودی'' کا کس نے انگریزی میں ترجمہ کیا ہے؟ علامہ اقبال کی پہلی مطبوعہ کتاب کا نام لکھیں۔

(vii) اقبال کے پی۔ایچ۔ڈی کے مقالے کا موضوع کیا تھا اور انہوں نے کس یونیورسٹی سے پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگری حاصل کی؟

(viii) بانگِ درا کی نظم ''نالۂ فراق'' اقبال نے کس کی یاد میں لکھی؟ اقبال کی وفات کس سن میں ہوئی؟

(ix) اقبال اعلیٰ تعلیم کے لئے کس سال میں انگلستان گئے اور کب ہندوستان واپس آئے؟

(x) اقبال نے 'انجمنِ حمایت اسلام' میں سب سے پہلی کون سی نظم پڑھی اور یہ انجمن کہاں قائم کی گئی تھی؟

(xi) علامہ اقبال کا کون سا مجموعہ اردو اور فارسی دونوں کلام پر مشتمل ہے؟ اس مجموعہ میں شامل کسی ایک نظم کا نام بتائیے۔

(xii) اقبال کے مجموعہ مکتوب کا نام کیا ہے اور اقبال کے کسی ایک مکتوب الیہ کا نام بتائیے؟

(xiii) اقبال کی کسی دو نثری تصانیف کے نام بتائیے۔

2. کسی تین (۳) سوالوں کے جواب دیجئے۔ 5×3=15

(i) اقبال کی نظم نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(ii) علامہ اقبال کے کسی دو (۲) تصورات پر مختصراً نوٹ لکھئے۔

(الف) وطن (ب) قومی یکجہتی (ج) اسرار خودی

(iii) اقبال کی نثری اسلوب سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(iv) اقبال کی دو شعری تصانیف سے اپنی واقفیت کا ثبوت دیجئے۔

(v) اقبال کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات واضح کیجئے۔

3. درج ذیل میں سے تین (۳) سوالات کے جواب لکھئے۔ 10×3=30

(i) اقبال کی نظم 'جوابِ شکوہ' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجئے۔

(ii) اردو نثر میں علامہ اقبال کا مقام متعین کیجئے۔

(iii) کلام اقبال کی روشنی میں علامہ کے فلسفہ مرد کامل پر روشنی ڈالئے۔

(iv) اقبال کو بحیثیت مکتوب نگار پیش کیجئے۔

(v) اقبال کی شخصیت کی تعمیر میں کن دانشوروں کے اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ اجمالی جائزہ لیجئے۔